

# قانون نافذ کرنے والی شکایات کی ایجنسی

Ontario

## ہم سے بات کریں



## کیا اپنی شکایت درج کرنے کے لیے کوئی وقت کی حد ہے؟

جس واقعے کے بارے میں شکایت ہے اس کے چھ ماہ کے اندر شکایت درج کرائی جانی چاہیئے۔ ڈائریکٹر ان وجوہات پر غور کرتے ہوئے آخری تاریخ میں توسیع کر سکتا ہے کہ آیا شکایت کنندہ نابالغ ہے، اس کی معذوری ہے، یہ واقعہ مجرمانہ کارروائی سے مشروط ہے، یا آیا یہ عوامی مفاد میں ہے کہ شکایت سے نمٹا جائے۔

## کیا مجھے شکایت درج کرانے کے لیے وکیل کی ضرورت ہے؟

نہیں، آپ کو شکایت درج کرانے کے لیے کسی وکیل یا کسی بھی قسم کے نمائندے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن آپ چاہیں تو کسی سے مدد کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

## کیا میں گمنام طور پر شکایت درج کر سکتا ہوں؟

نہیں، گمنام شکایات قبول نہیں کی جاتی ہیں۔ ایک منصفانہ اور شفاف عمل فراہم کرنے کے لیے، شکایت کنندگان کو اپنی فارم LECA شناخت کرنی چاہیے اور شکایت جمع کرواتے وقت پر دستخط کرنا چاہیے۔

## اگر شکایت کے فارم کو مکمل کرنے میں مجھے دشواری ہو تو کیا ہوگا؟

اگر آپ معذوری کا شکار فرد ہیں جیسا کہ ایکسیسبیلٹی فارا اونٹارینز وِد ڈس ایبلٹیز ایکٹ (اے او ڈی اے) (Accessibility for Ontarians with Disabilities Act (AODA) کے ذریعے بیان خدمات تک رسائی کے لیے مطابقت LECA کیا گیا ہے اور آپ کو درکار ہے، تو براہ کرم ہمارے دفتر سے رابطہ کریں۔

LECA پولیس یا عوام کی وکالت نہیں کرتا ہے لہذا ہم آپ کی شکایت پر مشورہ نہیں دے سکتے۔ بہت سی کمیونٹی تنظیمیں اور کچھ قانونی کلینکس آپ کی شکایت میں مدد کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ اپنے علاقے میں کلینکس اور کمیونٹی گروپس کی فہرست کے لیے براہ کرم ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

## اگر انگریزی یا فرانسیسی میری پہلی زبان نہیں ہے تو کیا ہوگا؟

LECA انگریزی اور فرانسیسی زبانوں میں خدمات فراہم کرتا ہے۔ یہ کتابچہ عربی، چینی، کری، فارسی، اوجیب وے، اوجی کری، پنجابی، ہسپانوی، ٹیگالوگ، تامل اور اردو میں بھی دستیاب ہے۔

سے خط و کتابت کرنے LECA اگر آپ کو شکایت درج کرانے یا کے لیے مترجم کی مدد درکار ہے، تو آپ کو خود ہی کسی مترجم کا بندوبست کرنا چاہیے۔ ترجمے کی خدمات کی فہرست کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔



## ایل ای) (LECA) قانون نافذ کرنے والی شکایات کی ایجنسی (سی اے (Law Enforcement Complaints Agency سے رابطہ کی معلومات (LECA)

ڈاک کے ذریعے ہم سے رابطہ کرنے یا شخصی طورپرموجود ہو کر ہم سے ملنے کے لیے

لا انفورسمنٹ کمپلینٹس اجینسی (Law Enforcement Complaints Agency)
655 Bay Street, 10th Floor.
Toronto, Ontario
M7A 2T4

آپ LECA سے درج ذیل کے ذریعے بھی رابطہ کر سکتے ہیں

ٹول فری فون
1-877-411-4773

مقامی فون
416-246-7071

ٹی ٹی وائی
1-877-414-4773

مقامی فیکس
416-327-8332

LECA@ontario.ca

LECA_APFO

www.leca.ca

SCAN HERE

## LECA تفتیش یا مجرمانہ الزامات عائد نہیں کر سکتا۔

آپLECA کو صرف اونٹاریو میں حلف لینے والے پولیس افسران کے بارے میں شکایات درج کر سکتے ہیں، بشمول میونسپل، ریجنل، اور پراونشل (OPP) پولیس افسران، نیاگرا پارکس کمیشن (Niagara Parks Commission) اور لیجسلیٹو پروٹیکٹیو سروس (Legislative Protective Service) ۔

LECA کے پاس RCMP افسران، TTC اسپیشل کانسٹیبلز، GO ٹرانزٹ پولیس، کورٹ آفیسرز، اصلاحی افسران (corrections officers) ، کیمپس پولیس، صوبائی جرائم کے افسران، یا اسپیشل کانسٹیبلز کا اختیار نہیں ہے۔

LECA کے ساتھ اپنی شکایت درج کرانے کا بہترین اور تیز ترین طریقہ ہماری ویب سائٹ: www.leca.ca پر موجود الیکٹرانک شکایت فارم ہے۔ اگر آپ کو کمپیوٹر تک رسائی نہیں ہے، تو آپ اپنی شکایت کو ڈاک یا فیکس کے ذریعے بھی بھیج سکتے ہیں۔

شکایت درج کرنے کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات کے لیے براہ کرم ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

## قانون نافذ کرنے والی شکایات کی ایجنسی (Law Enforcement Complaints Agency)

قانون نافذ کرنے والی شکایات کی ایجنسی (ایل ای سی اے) (Law Enforcement Complaints Agency) (LECA) اونٹاریو منسٹری آف دا اٹارنی جنرل کی ایسی ایجنسی ہے جو کہ فاصلے پر رہتے ہوئے آزادارانہ طور پر کام کرتی ہے (آرمز لینتھ ایجنسی)، جس کا عملہ مکمل طور پر عام شہریوں پر مشتمل ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہمارے فیصلے حکومت، پولیس اور کمیونٹی سے آزاد ہیں۔

LECA اونٹاریو کی پولیس، نیاگرا پارکس کے اسپیشل کانسٹیبلز، اور قانون ساز اسمبلی سروس کے امن افسر(افسران) کے خلاف عوامی شکایات کو قبول کرنے، کارروائی کرنے اور ان کی نگرانی کے لیے ایک با مقصد، غیر جانبدار دفتر ہے۔

کچھ معاملات میں، LECA عوامی شکایت کی غیر موجودگی میں بھی بدانتظامی کی تحقیقات کرے گا۔

مجموعی مقصد ایک منصفانہ، آزاد، شفاف، قابل رسائی، اور مؤثر نگرانی کا نظام فراہم کرنا ہے، جو عوامی شکایات کے عمل میں اعتماد اور بھروسے کو فروغ دے گا اور اس کے نتیجے میں، اونٹاریو میں پولیسنگ پر اعتماد اور بھروسے کو فروغ دے گا۔

LECA تفتیش یا مجرمانہ الزامات عائد نہیں کر سکتا۔